SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

June 9, 2016

ایس ای سی پی نے پنجاب رورل سپورٹ پروگرام کو غیر بینکار مائیکروفنانس کمپنی کا لائسنس جاری کر دیا

اسلام آباد (جون ۹) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے پنجاب رورل سپورٹ پروگرام کو انوسٹمنٹ فنانس سروسز کا لائسنس جاری کر دیا ہے جس کے بعد پنجاب رورل سپورٹ پروگرام اب ملک کی پہلی غیر بینکار مائیکروفنانس کمپنی کے طور پر مائیکروفنانسنگ کی سرگرمیاں شروع کر سکے گا۔

واضح رہے کہ ایس ای سی پی کے جاری کردہ ریگولیٹری فریم ورک کے تحت مائیکروفنانس اب ایک ریگولیٹڈ سرگرمی ہے اور لائسنس یافتہ کمپنیاں لائسنس حاصل کرنے کے بعد چھوٹے پیمانے پر قرض دینے کا کاروبار کر سکتیں ہیں۔ گزشتہ دو ماہ میں ایس ای سی پی نے پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک، پاکستان پاورٹی ایلی ویشن فنڈ اور دیگر مائیکروفنانس کے اداروں کے ساتھ غیر بینکاری مائیکروفنانسنگ شروع کرنے اور ان کو ریگویٹ کرنے کے حوالے سے جامع مذاکرات کئے۔ ایس ای سی پی نے بہت سے مائیکروں فنانس انسٹی ٹیوشن سے لائسنس حاصلے کرنے کی درخواستیں موصول ہوئیں جا کا ابھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔

مزید مائیکروفنانس انسٹی ٹیوشن کے غیر بینکار مائیکروفنانس کمپنی میں تبدیل کو مزید آسان بنانے اور اس شعبے کو ریگولیٹ کرنے کے لئے مائیکروفنانس سیکٹر کے ریگولیٹری فریم ورک میں نمایاں ترامیم کی جا رہی ہیں جو کہ عوامی رائے کے لئے جلد شائع کی جائیں گی۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk